Tear here

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

اس طرف سے کاٹ کر سوالی پرچہ کھولئے

یہاں سے کاٹئے

Question Paper Serial No. 813

**D**

**CCE PR**
**UNREVISED**
**REDUCED SYLLABUS**
**NSR & NSPR**



ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 12 ]
Total No. of Printed Pages : 12 ]

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 59 ]
Total No. of Questions : 59 ]

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 12-U**
**Code No. : 12-U**

# ವಿಷಯ : ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು
# Subject : FIRST LANGUAGE - URDU

(ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಎನ್.ಎಸ್.ಆರ್. & ಎನ್.ಎಸ್.ಪಿ.ಆರ್.)

**(Private Repeater / NSR & NSPR)**

ದಿನಾಂಕ : 12. 06. 2023] [ Date : 12. 06. 2023

ಸಮಯ : ಬೆಳಗ್ಗೆ 10-30 ರಿಂದ 1-45 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 10-30 A.M. to 1-45 P.M.

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 125 ] [ Max. Marks : 125

**عام ہدایات :**

1. سوالی پرچہ معروضی اور موضوعی قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 59 سوالات ہیں۔
2. اس سوالی پرچہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالی پرچہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

Turn over ]

**I.** درجِ ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دیے گئے ہیں۔ صحیح جواب منتخب کر کے لکھئے : **10 x 1 = 10**

1. ایسا جملہ جس میں مسند الیہ اسم اور مسند فعل ہو کہلاتا ہے۔

(A) جملۂ فعلیہ (B) جملۂ اسمیہ

(C) جملۂ انشائیہ (D) جملۂ خبریہ

2. مضمون کا درمیانی حصہ جسے مضمون کی ریڑھ کی ہڈی بھی کہتے ہیں کہلاتا ہے۔

(A) خاتمہ (B) تمہید

(C) نفسِ مضمون (D) اختتام

3. وہ جملہ جو دو مفرد جملوں سے مل کر بنا ہو، کہلاتا ہے۔

(A) مفرد جملہ (B) مرکب جملہ

(C) مطلق جملہ (D) متلف جملہ

4. غزل کا وہ شعر جس کے دونوں مصرعوں میں قافیہ ورد یف ہو، کہلاتا ہے۔

(A) مقطع (B) مطلع

(C) بیت الغزل (D) حسنِ مطلع

5. ابنِ مریم ہُوا کرے کوئی

میرے دُکھ کی دوا کرے کوئی

مذکورہ شعر میں اس صنعت کو استعمال کیا گیا ہے۔

(A) صنعتِ تلمیح (B) صنعتِ تضاد

(C) صنعتِ تکرار (D) صنعتِ تشبیہہ

6. وہ نظم جس میں ارکان گھٹتے بڑھتے رہتے ہیں، کہلاتی ہے۔

(A) مقفّٰی نظم (B) پابند نظم

(C) معرٰی نظم (D) آزاد نظم

7. ان جملوں میں ''جملۂ اسمیہ'' ہے۔

(A) بچہ روتا ہے۔ (B) ناصر گھوم کر آیا۔

(C) اماں ملازمہ تھیں۔ (D) بلی بیٹھی ہے۔

8. الفاظ کا مجموعہ جس سے پوری بات سمجھ میں آجائے کہلاتا ہے۔

(A) حرف (B) کلمہ

(C) لفظ (D) جملہ

9. کسی شعر میں ایک ہی لفظ کو بار بار دہرانا کہلاتا ہے۔

(A) صنعتِ تضاد (B) صنعتِ تکرار

(C) صنعتِ تشبیہ (D) صنعتِ تلمیح

10. رباعی کا حاصلِ کلام مصرعہ ہے۔

(A) پہلا (B) تیسرا

(C) چوتھا (D) دوسرا

**II.** پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھیے : **5 x 1 = 5**

11. برباد : آباد : : صلح : .........

12. سدا : ہمیشہ : : صدا : .........

13. نظم : پرونا : : غزل : .........

14. گھر کی مرغی دال برابر : کہاوت : : پہاڑ ٹوٹنا : .........

15. محافل : محفل : : اعمال : .........

**III.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : **8 x 1 = 8**

16. حجۃالوداع کے موقعہ پر مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی ؟

17. لال قلعہ کے مشاعرے میں کس نے "ماتمِ آزادی" نظم سنائی ؟

18. ودیا چرن جی کی تقریر کا جواب کون دیا کرتا تھا ؟

19. امیر خسرو کے پیرومرشد کا نام کیا تھا ؟

20. اخلاق کے موتی کس نے برسائے ؟

21. دمِ وداع شاعرہ کس سے بخشش کی طلب گار ہے ؟

22. زمانے کی گردش کا کیا مطلب ہے ؟

23. حضرت امام حسینؓ نے اہل بیت کو صبر کی ہدایت کیوں کی ؟

**IV.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : **15 x 2 = 30**

24. نویں ذی الحجہ کو عازمینِ حج نے کیا کِیا ؟

25. ودیا چرن جی کون تھے ؟ ان کا کارنامہ کیا تھا ؟

26. پنڈت نہرو نے جوشؔ اور مہندر سنگھ بیدیؔ کو تری مورتی ہاؤس آنے کی دعوت کیوں دی ؟

27. امیر خسرو کی شعری صلاحیتوں کا امتحان کس طرح لیا گیا ؟

28. بھرت نارائن جی کی روح کیوں مسکرا رہی تھی ؟

29. حضور ﷺ کی آمد سے عورتوں کی حالت میں کیا تبدیلی آئی ؟

30. شاعر بچپن کے بہلاوے کی باتوں کو حسین جھوٹ کیوں کہتا ہے ؟

31. حضرت زینبؓ کے اضطراب پہ امام حسینؓ کا کیا ردِّ عمل تھا ؟

32. ''پھنس گیا ہے خود اپنے ہی ہاتھوں بنائے ہوئے جال میں'' اس کی وضاحت کیجئے۔

33. اعجازؔ احسنی نے سماج کی کس برائی کی جانب اشارہ کیا ہے ؟

34. کس مقام پر حضور ﷺ نے صحابہؓ سے خطاب کیا ؟ اور آپؐ نے کس اونٹنی پر سوار ہو کر حج ادا کیا ؟

35. موسیقی کی دنیا میں خسرو کی ایجادات کیا تھیں ؟

36. ابتدا میں نسلِ آدم کو کیا آزادیاں نصیب تھیں ؟

37. حضور ﷺ کا نام آتے ہی شاعر کیسا محسوس کرتا ہے ؟

38. مضمون کسے کہتے ہیں ؟

**V.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : **14 x 3 = 42**

39. پرنسپل بھرت نارائن کی ساری زندگی کس کام میں گذری ؟

40. بحث کیجئے کہ ''امیر خسرو کی نظر میں شاعری ایک شوق نہیں حکمت کا درجہ رکھتی تھی۔

41. جگنو نظم میں یتیم بچے کی بے چینی کا اظہار کس طرح کیا گیا ہے ؟

متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجئے :

42. ''حج کے مسئلے سیکھ لو، میں نہیں جانتا کہ پھر حج کر سکوں گا۔''

43. ''اردو میری اور میری دادی کی زبان ہے۔''

44. ''پھر سارا دیش ہمارے محلے جیسا کیوں نہ بنے۔''

درجِ ذیل نثر نگار کا تعارف لکھئے :

45. سید سلیمان ندوی

درجِ ذیل شاعر کا تعارف لکھئے :

46. فراقؔ گورکھپوری

درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :

47. یہ عشق نے دیکھا ہے، یہ عقل سے پنہاں ہے

قطرے میں سمندر ہے، ذرے میں بیاباں ہے

48. زرا سا تو دل ہوں مگر شوخ اتنا

وہی "لن ترانی" سنا چاہتا ہوں

49. منزل نہیں کوئی نہ سہی رہ گذر تو ہے

پہلے بھی اپنے قدموں کو بہلا چکے ہیں ہم

50. دی گئی ہدایات کے مطابق خط کشیدہ الفاظ کی مدد سے خانہ پُری کیجئے :

(i) <u>موت</u> کا ایک دن معین ہے پر یہ کیا اخبار .......... کے ذکر سے بھرا پڑا ہے۔ (جمع)

(ii) طباطبائی کے اشعار قدرے <u>آسان</u> ہیں جبکہ غالبؔ کے قدر سے .......... ہیں۔ (ضد)

(iii) اردو ایک <u>جاندار</u> زبان ہے۔ اسی لئے ابھی تک............ ہے۔ (مترادف)

51. جملۂ اسمیہ کی تعریف کیجئے اور مثال دیجئے۔

52. صنعتِ تضاد کی تعریف مع مثال لکھئے۔

یا

مرثیہ کسے کہتے ہیں ؟ اس کی دو قسمیں کون سی ہیں ؟

**VI.** **درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے :** **5 x 4 = 20**

53. اپنی نصابی کتاب میں شامل 'حمد' کے کوئی چار اشعار لکھئے۔

یا

اپنی نصابی کتاب میں شامل 'نعت' کے ابتدائی چار اشعار لکھئے۔

54. **کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے :**

(i) مرثیہ (ii) جگنو

55. جواہر لال نہرو کی اردو دوستی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟ لکھئے۔

56. "امیر خسرو جہاں شاعر و فنکار تھے وہیں قومی یکجہتی کے علمبردار بھی تھے۔" وضاحت کیجئے۔

یا

میدانِ عرفات میں خطبہ دیتے ہوئے آپؐ نے کیا باتیں بیان کیں ؟

57. درجِ ذیل عبارت کو غور سے پڑھ کر نیچے دیئے گئے سوالات کے جواب لکھئے :

دنیا میں سب سے مشکل کام دوست کو پہچاننا ہے۔ مگر اس سے بھی مشکل کام دوست کا انتخاب ہے۔ دوست وہ ہے جس کے دل میں سچی ہمدردی ہو، جو دوست کے لئے نقصان اٹھائے، زخم کھانے اور قربانی دینے کے لئے تیار ہو۔ جس پر اتنا بھروسہ کیا جا سکے کہ جہاں کوئی کام نہ آ سکے وہ کام آجائے۔ یہ سب سے مشکل کام ہے، ہوس پرست اور مطلبی لوگ تو بڑی آسانی سے مل جاتے ہیں بقول غالب

یہ کہاں کی دوستی ہے کہ بنے ہیں دوست ناصح
کوئی چارہ ساز ہوتا کوئی غمگسار ہوتا

ہر شخص جو راستہ چلتے مل جائے اور کچھ میٹھی میٹھی یا خوشامدانہ باتیں کرنے لگے، دوست نہیں کہا جا سکتا۔ انسان کو چاہیئے کہ سماج میں ہر ایک کے ساتھ اخلاق اور محبت سے پیش آئے، دوسرے کی مصیبت میں جس حد تک ممکن ہو کام آنے کی کوشش کرے اور دیکھتا رہے کہ اس کی ضرورت کے وقت ان میں سے کس کا رویہ کیا رہتا ہے، کون ہمدردی کرتا ہے اور کون نہیں، تبھی ہم حقیقی دوست کو پہچان سکیں گے کہ ''دوست کی آزمائش صرف مصیبت کے وقت ہی ہو سکتی ہے۔''

سوالات :

(i) سچا دوست کون ہے ؟

(ii) سماج میں ہمارا رویہ کیسے ہونا چاہیئے؟ لکھئے۔

**VII.** خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درجِ ذیل میں سے کوئی ایک خط لکھئے : **1 x 5 = 5**

58. یہ سمجھتے ہوئے کہ آپ گورنمنٹ ہائی اسکول جلال پور کے طالب علم/ طالبہ عمر/ مدیحہ ہیں۔ اپنے استاد کو خط لکھ کر کوئی وجہ بتاتے ہوئے دو دن کی چھٹی طلب کریں۔

یا

اپنے دوست/سہیلی کے نام ایک خط لکھئے جس میں اپنے اسکول کے سالانہ جلسہ میں شرکت کی گذارش کی گئی ہو۔

**VIII.** کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے : 1 x 5 = 5

59. (i) آن لائن تدریس کے فائدے ونقصانات

یا

(ii) بڑھتی ہوئی مہنگائی — وجوہات اور حل